مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری نے ''مسیحائی'' کا ناموس رسالت ﷺ نمبر شائع کر کے بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے جس میں قانونِ تحفظِ ناموسِ رسالت کا عہد وار تاریخی جائزہ ور ناموسِ رسالت پر کٹ مرنے والے شہدائے مکرم پر وقیع مضامین و مقالات شامل کئے گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں ڈاکٹر محمود احمد غازی، ڈاکٹر اسرار احمد، محمد اسماعیل قریشی ایڈووکیٹ، ڈاکٹر سید ریاض الحسن گیلانی ایڈووکیٹ اور محمد عطاء اللہ صدیقی کے نام نمایاں ہیں۔ یہ خصوصی نمبر تحفظ ناموسِ رسالت اور تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والے فدائین کے لیے ایک تاریخی و تحقیقی دستاویز اور حوالہ ہے۔ ادارہ ماہنامہ ''مسیحائی''، کراچی اس عظیم الشان اشاعت پر مبارک باد کا مستحق ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● کتاب: اسلامی آدابِ زندگی تحریر: محمد منصور الزمان صدیقی

ضخامت: ۹۳۸ صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس۔ خالق آباد (نوشہرہ۔ سرحد)

یوں تو '' آدابِ زندگی'' کے نام سے پہلے بھی مولانا یوسف حسن اصلاحی اور ڈاکٹر نصیر احمد ناصر کی کتابیں مضبوط حوالہ ہیں جن میں قرآن وحدیث کی روشنی میں مختلف عنوانات کے تحت مختصراً مضامین ترتیب دیئے گئے ہیں مگر زیر مطالعہ کتاب میں بڑی شرح وبسط کے ساتھ، انسانی زندگی کے ہر پہلو پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اخلاقِ حسنہ، عبادات، نماز کے فضائل ومسائل، جنازہ، وصیت، وراثت، زکوٰۃ، قربانی، روزہ، حج وعمرہ، معاملات ومعاشیات، خوفِ خدا، آدابِ مجلس، اخلاقیات، حقوق العباد، سلوک اور احسان، عالم اسلام، اسراف وتبذیر، صحت اور حسنِ معاشرت کے اہم موضوعات پر، قرآن واحادیث کی روشنی میں عام فہم انداز میں معلومات جمع کر دی گئی ہیں۔ جس سے عام پڑھا لکھا طبقہ بھی مستفید ہوسکتا ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)

● کتاب: اماں جی مصنف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۱۳۲ صفحات قیمت: ۶۰ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد نوشہرہ

مولانا عبدالقیوم حقانی، زیر نظر کتاب کے دیباچہ میں رقم طراز ہیں کہ والدہ کے انتقال کے بعد، انہوں نے ماہنامہ ''القاسم''، میں اپنی والدہ مرحومہ کے بارے میں قسط وار لکھنا شروع کیا۔ جو جو واقعات انہیں یاد آتے رہے، وہ لکھتے رہے۔ اب قارئین ''القاسم'' کے اصرار پر انہیں کتابی شکل دے دی گئی ہے۔

کتاب دیدہ زیب رنگین ٹائٹل کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ پرنٹنگ معیاری ہے۔ (تبصرہ: ابوالادیب)